نو دریافت ادویات

عہد حاضر کی نو دریافت ادویات اور ان کے
افعال و خواص پر پہلا منفرد مجموعہ

حکیم سیّد شاہ اکرام حسین سیکری

شیخ الرئیس فاؤنڈیشن

مکان نمبر ۱۵۳۰، ہیرآباد (پوسٹ بکس ۲) میرپورخاص سندھ

عہد حاضر کی نو دریافت ادویات اور ان کے
افعال و خواص پر پہلا منفرد مجموعہ

مرتبہ

حکیم سیّد شاہ اکرام حسین سیکری

شیخ الرئیس فاؤنڈیشن

مکان نمبر ۱۵۳۰، ہیر آباد (پوسٹ بکس ۴۲) میر پور خاص سندھ

جملہ حقوق بحق نگران محفوظ ہیں

نام کتاب : نو دریافت ادویات

مصنف : حکیم سید اکرام حسین شاہ چشتی سیکری

نگران : حکیم محمد افتخار حسین اظہر چشتی ڈیرہ نواب صاحب

معاون : محمد بلال سومرو چشتی ڈیرہ نواب صاحب

کتابت : محمد اسلم خوشنویس قصور - ریاض شاہد واہی حسین بہاولپور

سال تصنیف : ۱۹۹۲ء

سال اشاعت اول : ۱۹۹۶ء

تعداد اشاعت بار اول : ایک ہزار

پریس :

قیمت = Rs 13/00

دیباچہ

زیرِ نظر رسالہ اُن اکثر جدید تجربات کا مختصر مجموعہ ہے جو عصرِ رواں میں معالجین اور اہلِ تجربہ کے ذریعہ معلوم ہوئے ہیں۔ قدیم کتابوں میں جہاں تک مجھے علم ہے ان کا ذکر نہیں ملتا ہے۔ ضرورت ہے کہ اِن تجربات پر مزید تجربے کئے جائیں اور اِن کے افادی اثرات کو آگے بڑھایا جائے۔ نیز ضرورت ہے دوسری بہت سی چیزوں پر نت نئے تجربے کر کے طبی دنیا میں مزید فوائد کا اضافہ کیا جائے۔

مسلمان اطبائے کرام نے صدیوں پہلے علم الادویات پر جو بے مثل کام کیا تھا وہ آدم کی نسل پر بڑا احسان ہے۔ ضرورت ہے اُن قدیم تجربات پر اب مزید تحقیق کی جائے اور ان کے مزید فوائد معلوم کر کے تحقیقات کو آگے بڑھایا جائے

موجودہ زمانہ میں سفر کی بے شمار سہولتیں ہونے کے باعث پوری دنیا میں سفر آسان ہو گیا ہے۔ دنیا بھر کے تمام ملکوں میں جو جڑی بوٹیاں اور دوسری چیزیں ہیں ان کی نسبت وہاں کے مقامی لوگوں سے معلومات حاصل کر کے مزید تجربات کرنے چاہئیں اور تحقیقات کے بعد ان تجربات کو کتابی شکل میں طبع کرایا جائے تاکہ بنی آدم کو فائدہ پہنچے چین۔ جاپان۔ فرانس۔ برطانیہ اور امریکہ میں پیدا ہونے والی بہت سی جڑی بوٹیاں ہمارے تجربات کی منتظر ہیں۔

میرے خیال میں اس موضوع پر یہ مختصر رسالہ لکھ کر پہل کی ہے۔ خدا نے چاہا تو مستقبل قریب یا بعید میں کچھ اور اہلِ تجربہ اس ضروری کام کو آگے بڑھائیں

گے اور اس طرح اپنے فن کو ترقی دیں گے۔ ہماری صفوں میں ایک طبقہ ایسا بھی ہے جو اپنے قومی علوم و فنون کو حقیر جانتا ہے اور اس کو بے کار سمجھ کر ٹھکرا چکا ہے۔ ایسے لوگوں کو اُن کے حال پر چھوڑیئے کہ اُن کا وجُود قوم اور ملّت کے لئے بیکار ہے میں اُن حضرات سے مخاطب ہوں جن کا احساس ابھی مُردہ نہیں ہوا ہے اور جن میں قومی علوم و فنون کی حفاظت، فروغ اور بقا کا جذبہ موجُود ہے۔ وہ آگے بڑھیں اور تحقیق و تجربات کی ایک نئی اور تازہ سوغات بنی آدم کے فائدے کے لئے پیش کریں۔

یہ عجیب اتفاق ہے کہ اس رسالہ کو میں نے ۷ مئی ۱۹۸۹ء بروز اتوار کو لکھنا شروع کیا تھا اُس روز عید کا دن تھا اور آج ۵ اپریل ۱۹۹۲ء یوم اتوار کو جبکہ میں یہ رسالہ ختم کر رہا ہوں عید ہی کا دن ہے۔

دُعا ہے کہ یہ رسالہ بیماروں کے لئے صحت و شفا کا باعث ہو!

شاہ اکرام حسین عسکری
عسکری ہاؤس لطیف آباد
(حیدرآباد۔ سندھ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برائے ضبطِ تولید (برتھ کنٹرول)

کم قیمت سستی پنسلیں لے کر سُرمہ نکالیں اور گڑ ملا کر فی پنسل دو گولیاں بنائیں۔ پھر حیض کے بعد ایک گولی صبح ہمراہ آبِ تازہ دیں۔ ایک ماہ لگاتار استعمال کریں۔ کبھی حمل نہ ہوگا۔ جب اولاد کی خواہش ہو تو برادۂ دندانِ فیل حسبِ ضرورت لے کر گڑ ملا کر گولی بقدرِ کوکن بیر بنا کر بعد حیض صبح و شام ایک گولی ہمراہ دودھ ایک ہفتہ تک استعمال کرائیں۔ حمل قائم ہو جائے گا۔

برائے دفعِ دردِ گُردہ

درخت چیڑ کی لکڑی جلا کر سفوف بنائیں۔ ایک تولہ سفوف میں دو تولہ نمک سیاہ ملا کر کل دوا کی چار خوراک بنائیں اور چاروں خوراک تھوڑے تھوڑے وقفہ سے ایک ہی دن میں کھلا دیں۔ مرض دُور ہوگا۔

برائے تسہیلِ ولادت

پشاوری تمباکو کی نسوار دیں۔ چھینک آنے پر فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

برائے دفع کالی کھانسی

دھاگا ریل جو ولایت سے آتی ہے خالی ریل جلا کر اس کی راکھ دن میں دو بار قدرے کھانڈ ملا کر دیں۔ تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

برائے دفع دردِ کان

پاسنگ شو سگریٹ کا ایک عدد تمباکو۔ روغن تلخ ۵ تولہ میں ڈال کر جلائیں اور چھان کر قطرہ قطرہ کان میں ڈالیں۔ درد فوراً دور ہوگا۔

برائے ضبطِ تولید

برتھ کنٹرول کے لئے یہ نسخہ مفید ہے: آرد تخم سن ۵ تولہ۔ آرد گندم میں ملا کر روٹی پکا کر حسبِ معمول کھلائیں۔ تین یوم کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے نجات ہوگی۔

پتھر کے کوئلے کی شفا بخشی

دردِ سر، قبض، جلن، بھوک نہ لگنا وغیرہ عوارض کو دور کرتا ہے۔ کوئلہ پتھر ایک ماشہ پتھر پر رگڑ کر ایک چھٹانک پانی میں حل کر کے صبح و شام استعمال کریں۔

برائے دفع دمہ

تمباکو پشاوری تلخ بقدرِ ضرورت لے کر جلا کر نمک بنائیں اور نصف

رتی پانی کے ساتھ یا شہد میں ملا کر دیں۔

برائے درد قولنج

جملہ امراضِ قولنج میں بہت مفید ہے۔ شہد کی مکھی کا چھتہ باریک کر کے گولی بقدرِ دانہ مونگ بنا کر صبح و شام ۲-۲ گولیاں پانی سے دیں۔

برائے دفع جموگا

جموگا بچوں کا ایک مرض ہے جس میں بچہ کا گلا اور جبڑا اینٹھ جاتا ہے جس کی وجہ سے وہ دودھ نہیں پی سکتا۔ اس کے لئے یہ نسخہ بے خطا اور تجربہ شدہ ہے۔

اکثر کیاریوں میں کسی جگہ ایک سفید کیڑا مانند چھوٹی مچھلی نازک بدن ہوتا ہے۔ اس کو پکڑ کر بچہ کے گال اور مسوڑوں پر ملا جائے۔ جتنے گھنٹے کا مرض ہوا تنے ہی گھنٹوں میں فائدہ ہوگا۔

لاہور سور

کے لئے یہ نیا نسخہ مفید ہے: چیڑ کا تیل بازار سے خرید کر لگائیں۔

خون بند

اگر کسی کے چوٹ لگ جائے اور خون جاری ہو جائے تو ردی کاغذ کا ٹکڑا وہاں چپکا دیں۔ خون فوراً بند ہو گا اور اگر مقامِ زخم پر مٹی کا تیل ڈال دیں تب بھی خون بند ہوگا۔

برائے عقرب گزیدہ

یہ دوا اس مقصد کے لئے عجیب لا اثر ہے۔ اگر بند لگا ہوا ہو تو کھول دینا چاہیئے۔ مقامِ نیش پر اور جہاں تک درد کا اثر ہو وہاں تک لگا دینا چاہیئے۔ لگاتے ہی درد اور تکلیف غائب ہو گی یہ تیل مچھر سے بچاؤ کے لئے اکثر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کا نام ہے:

فلنس ایلپنٹ آئل

اگر یہ نہ ملے تو ٹائیفون ایلپنٹ آئل

لے کر استعمال کریں۔ نہائت ہی عجیب نسخہ ہے۔ میرے احباب میں ایک صاحب ہیں جن کے گھر پر ایسے مریضوں کا ہجوم رہتا ہے۔

قلب الحجر

عصرِ حاضر کی نو دریافت ادویات میں قلب الحجر بھی سرِ فہرست ہے اور ایک نہائت مفید اور کارآمد دوا ہے۔ یہ ایک عجیب شے ہے جس کا نام بھی حکیم صاحبان کے سوا کسی نے نہ سُنا ہو گا۔ یہ مفرد دوا کے طور پر دل کی دھڑکن، کمزوری اور گھبراہٹ میں فوری اثر کرتی ہے۔ خونی بواسیر نکسیر، سِل، کثرتِ طمث، نفث الدم اور بول الدم کے لئے نافع ہے اس سے بڑھ کر زود اثر اور کامیاب دوا کوئی نہیں ہے۔ سیلان الرحم جریان خونی پیچش اور سوزاک کے لیے بھی مفید ہے۔ اس کا ایک مرکب یہ ہے:

ایک چھٹانک مویز منقیٰ میں ۱/۲ ۲ تولہ قلب الحجر پیس کر مٹر کے دانے کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ۲ گولی صبح نہار منہ بالائی یا دودھ کے ساتھ

مُلاحظہ : راقم الحروف نے قلب الحجر کے افعال و خواص پر ایک مختصر رسالہ لکھا ہے جو قلمی صورت میں محفوظ ہے۔ اِنشاءَاللہ جلد ہی طبع ہو کر ناظرین کی خدمت میں پہنچ جائے گا۔ اِس رسالے کا تمام مواد طبی ماہنامہ "تندرستی" راولپنڈی میں طبع ہو چکا ہے۔

حیض کُشا

درخت ببول کا بندہ جو کانٹوں سے بنا ہوا ہوتا ہے توڑ لیں۔ اس میں ایک لمبا کیڑا ہوتا ہے اس کو نکال کر بیچ میں سے کاٹ کر اس کا اگلا حصّہ گڑ میں رکھ کر پانی سے کھلادیں۔ تھوڑی دیر میں مُدتوں کا رُکا ہوا حیض جاری ہو گا۔ ایک ہی بار کے استعمال سے حیض بکثرت جاری ہو گا۔ جس وقت بند کرنا ہو تو پچھلا حصّہ قندسیاہ میں لپیٹ کر کھلادیں۔ یہ نسخہ صاحبِ نسخہ کا خاندانی راز ہے۔

مرگی کے لئے

کھٹمل بہت سے پکڑ کر ایک شیشی میں بھر دیں۔ اوپر تھوڑا سا روغن کنجد ڈال کر دو ہفتہ تیز دھوپ میں رکھیں۔ اس کے بعد چھان کر یہ تیل تھوڑا سا مریض کی ناک میں لگا دیا کریں۔

برائے دفع صرع

کن سلائیاں (برساتی کرم) تازہ لے کر کپڑے پر ضماد کر کے خشک کریں۔ بوقت ضرورت تھوڑا سا ٹکرا کپڑے کا کاٹ کر جلا کر مصروع کو سونگھادیں۔

برائے دفع گنج سر پٹرول کو روئی کے پھایہ سے سر پر

لگائیں۔ لگانے سے سوزش ہوگی۔ نصف گھنٹہ کے بعد روغن چنبیلی لگائیں۔ سوزش کم ہوگی۔ دن میں دو مرتبہ لگانا چاہیئے اور رات کو بکری کے گوشت کا باریک قیمہ سر پر مثل ٹوپی کے چڑھا دیا کریں۔ ہفتہ عشرہ میں صحت ہوگی۔

برائے دفع داد

شیشم کی سرخ لکڑی کا تیل بطریقہ ڈول جنتر نکال کر داد پر لگائیں تو بہت اچھا فائدہ ہوگا۔

مُنہ آنا

بچوں کے ہونٹ اور زبان پر اکثر سفید باریک پھنسیاں معلوم ہوا کرتی ہیں۔ ان پر نیلا کپڑا جلا کر چھڑکیں۔

سُوکھیا (مسان)

اس کے لئے یہ تدبیر مفید ہے۔ ڈھاک کے تنے میں پھوڑے سے نکلتے ہیں۔ اس میں ایک کرم ہوتا ہے۔ اس کو دو دانہ مرچ سیاہ کے ہمراہ رگڑ کر چھان کر دیں۔ تین یوم میں فائدہ ہوگا۔

بواسیر

کنکھجورا خشک تین رتی کی دھونی دیں۔ مسّے بآسانی گر جائیں گے۔

پڑبال کے لئے

ایک فاختہ ذبح کی جائے اور بال اکھاڑ کر اس کا خون لگایا جائے۔

انشاء اللہ پھر کبھی پڑبال نہ نکلیں گے اور نہ ہی آنکھ خراب ہو گی۔

افیون چھڑانا

کھاب ایک بوٹی ہوتی ہے جو کہ ساون بھادوں کے موسم میں ہوتی ہے درخت مانند پیاز کے اور جڑیں بھی مانند پیاز کے ہوتی ہیں یہ بوٹی ٹھکانہ صاحب میں پائی جاتی ہے۔ اس کے پتے نہایت باریک کر کے افیونی کو ایک تولہ روزانہ کھلائیں۔ ایک ہفتہ میں افیون بالکل چھوڑ دے گا خواہ روزانہ ۴ ماشہ تک کھاتا ہو اس کی پہلی ہی خوراک سے نصف رہ جائے گی۔

برائے دفع ضعف بصر

زردہ تمباکو گجراتی باریک کر کے بطور سرمہ لگائیں۔

برائے دفع پڑبال

چھوٹی چھوٹی مچھلیوں کو خشک کر کے تین روز آنکھوں پر لگائیں اس سے پڑبال دور ہوں گے۔

بواسیر

بھڑوں کا چھتہ اور جو کچھ اس میں ہو برتن میں بند کر کے جلا لیں اور ایک ماشہ روزانہ دیں۔

چیچک اور ٹائیفائڈ کے لئے۔

حمل کے دوران پانچ چھ ماہ تک مغز تخم جیا پوتہ ایک رتی روزانہ

صبح دیں۔ حمل کی حفاظت رہے گی۔ بچہ طاقتور پیدا ہوگا اور چیچک نیز ٹائیفائڈ سے محفوظ رہے گا۔

خنازیر کے لئے

راکھ بچھو، راکھ چھچھوندر ہم وزن سفوف بنا کر ۲ رتی صبح و شام ہمراہ شربت عناب دیں۔

بہرہ پن

چھوٹی چھوٹی مچھلیاں روغن کنجد میں بریاں کریں جب خوب بریاں ہو جائیں تو پانی ڈال دیں۔ نصف گھنٹہ کے بعد جو تیل اوپر آجائے اس کو لے کر کان میں ڈالیں۔

برائے ریگ گردہ و مثانہ

مرغ رنگ سفید کے پنجے جلا کر خاک کریں اور ۳ ماشہ صبح شام پانی سے کھلائیں۔ دو تین روز کے استعمال سے کنکر خارج ہوگا۔

برائے آتشک

صاحب نسخہ کا کہنا ہے کہ ہر قسم کی آتشک کے لئے یہ نسخہ اکسیر ثابت ہو چکا ہے۔ ولائتی کھٹالی کہنہ کسی سنار سے لے کر باریک کر کے ایک ماشہ صبح و شام دیں۔ آتشک کے لئے اکسیر ثابت ہوئی ہے۔

مرہم ناسور

یہ ایک کثیر النفع اور قلیل الاجزا مرہم آزمودہ ہے۔ ایک تولہ ریت

پھر پھوتیے کر سرمہ کی طرح باریک کرکے مغز تخم ارنڈ ۱۲ تولہ ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ مرہم بن جائے۔ یہ مرہم بدگوشت کو گلا کر انگور لاتا ہے اور پھر رفتہ رفتہ زخم کو مندمل کر دیتا ہے۔

برائے ناسور

بارود ۲ تولہ روغن کنجد ۵ تولہ میں حل کرکے باریک پچکاری سے قعر زخم تک پہنچائیں۔ زخم صاف ہوکر بہت جلد مندمل ہو جائے گا۔

مرہم جدید

قروح مزمنہ خبیثہ اور قویا کہنہ کے لئے از بس مفید ہے۔
کاربائٹ ایک پتھر ہے جس سے موٹروں اور سائیکلوں میں روشنی پیدا کی جاتی ہے۔ اسے کر قدرے پانی میں ڈال دیا جائے۔ جب دھواں نکلنے لگے تو دیا سلائی دکھا دیں اور پانی قطرہ قطرہ ڈالتے رہیں۔ جس قدر پانی پڑتا جائے گا آگ زیادہ ہوتی جائے گی۔ جب تمام پتھر جل جائے اور صرف راکھ باقی رہے۔ تو اسے احتیاط سے اٹھالیں۔ نصف حصہ زنک آکسائڈ اور ہم وزن مہندی ملا کر ۴ حصہ ویزلین شامل کریں اور مقام ماؤف پر لگائیں۔

حجر القمر سنگ مرمر کو کہتے ہیں۔ جراحات مزمنہ کہنہ جو کسی وجہ بھی مندمل نہ ہوتے ہوں ان کے لئے نہایت مفید چیز ہے۔

برائے درد گردہ

مٹی کا تیل چھ قطرے کیپسول میں بند کرکے ہمراہ آب تازہ استعمال کریں

دردِ گردہ فوراً بند ہوگا۔

برائے عقرب گزیدہ

بچھو مار کر اسپرٹ میں ڈال دیں اور جب بچھو کاٹے تو یہ اسپرٹ لگائیں بہت جلد آرام ہوگا۔
راقم اپنے سابقہ وطن میں یہ نسخہ اپنے مطب میں تیار کروایا کرتا تھا۔

بہرے پن کے لئے

کان میں دو دو قطرے مٹی کا تیل ڈالا کریں۔ اس عمل سے فائدہ ہوگا۔

گردن کی رسولی

اس مرض کے لئے یہ ایک مفید دوا ہے۔ زبان سگ سوختہ ایک عدد مرداسنگ ۵ تولہ، روغنِ کیلو ۱۱ مار۔
سب کو لے کر لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستہ سے ایک دن کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ گلٹی پر ایک پھایہ لگا دیں۔ یا تو گلٹی تحلیل ہو جائے گی یا اسی روز شام کو ٹوٹ جائے گی اور بخار وغیرہ رفع ہو جائے گا۔
نوٹ: کیلو شملہ اور بعض دوسرے پہاڑی علاقوں میں ملتا ہے اور وہاں ہی سے اس کا روغن مل سکتا ہے۔

چھوٹی چندن

یہ ایک بوٹی ہے جو بہار اور بنگال میں ملتی ہے۔

میں یہ بھی سیر فہرست ہے۔

اس کو سایہ میں خشک کر کے باریک سفوف بنا کر صبح و شام دو ماشہ تازہ پانی سے کھلائیں۔

پاگل پن، اعصابی دباؤ، دماغ اور اعصاب پر مسکن عمل کر کے جنون کے عوارض میں تیزی سے تخفیف پیدا کرتی ہے۔ بلڈ پریشر ہسٹریا بے خوابی درد سر اور عصبی عوارض میں مفید ترین دوا ہے۔

برائے دفع ہچکی

سن دیسی مقرض۔ پوست الائچی خورد برابر وزن۔ دونوں کو حقہ میں ڈال کر پلائیں۔ ہچکی بند ہوگی۔

برائے دفع ورم غدۂ قدامیہ

یہ مرض اکثر بڑھاپے میں زیادہ ہوتا ہے۔ اکثر پیشاب بند ہو جاتا ہے یا رک رک کر آتا ہے اور بعض اوقات پیپ اور خون بھی خارج ہونے لگتا ہے۔ اس مرض کے لئے یہ دوا مفید ہے۔

ایک تولہ سرکنڈا کی جڑ (جس کی قلمیں بنائی جاتی ہیں) لے کر پاؤ بھر پانی میں خوب گھوٹیں۔ پھر چھان کر حسب ضرورت کھانڈ یا شربت بزوری ۴ تولہ ملا کر ایسی ۲ خوراک صبح و شام مریض کو پلائیں۔ اگر چاہیں تو اس ترکیب سے شربت بنا کر کام میں لائیں۔

برائے دفع اٹھرا

جونک خشک مٹی سے صاف کر کے سفوف بنائیں اور بقدر ایک چاول

نوزائیدہ بچے کو بطورِ گھٹی دیں۔ فائدہ ہوگا۔

برائے دفع داد

بھینسیا داد بڑی مشکل سے علاج قبول کرتا ہے۔ اکثر حالات میں تو کوئی بھی دوا مفید ثابت نہیں ہوتی۔ کبھی کبھار بعض دواؤں سے تھوڑا سا فائدہ ہو جاتا ہے پھر وہی حالت ہو جاتی ہے۔ ایک معتبر دوست نے یہ نسخہ بتلایا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس تدبیر سے چند روز میں داد دُور ہو جاتا ہے۔

بیٹری کا سیل لے کر اسے چاک کریں۔ اندر سے راکھ کی طرح کا ایک پاؤڈر نکلتا ہے۔ یہ پاؤڈر مکھن میں ملا کر رکھ لیں۔ مکھن کو پہلے ۱۰۰ سو مرتبہ دھو لینا چاہیئے۔ اِس کے لگانے سے چند روز میں داد دُور ہو گا۔

آشوبِ چشم کی ایک نئی دوا

رنگ فروخت کرنیوالوں کے یہاں دانہ دار شکل میں ایک رنگ ملتا ہے یہ رنگ ایک ماشہ لے کر ایک اونس عرقِ گلاب میں پیس کر ملا دیں اور ایک ایک قطرہ آنکھ میں ڈالیں۔ آشوبِ چشم کے لئے مفید دوا ہے۔

شب کوری دُور کرنے کے لئے

یہ نسخہ مفید ہے۔ صابن انگریزی ایک ماشہ۔ حُقّے کے نے کی کیٹ ایک ماشہ۔ دونوں کو ملا کر گولی بنا کر رکھیں۔ بوقتِ ضرورت قدرے پانی میں گھس کر صبح و شام آنکھ میں لگائیں۔

سنگ شکن

غنچہ سرکنڈا آدھ سیر لے کر اس کو تین سیر پانی میں پکائیں جب نصف رہ جائے تو صاف کر کے بوتل میں بھر لیں اور اس آدھ سیر پانی میں کل سات خوراک بنا کر ایک خوراک روزانہ صبح پلوائیں پیشاب چینی کے برتن میں جمع کریں۔ ایک ہفتہ کے بعد پیشاب کی تہ میں تمام پتھریاں ریزہ ریزہ ہو جائیں گی

برائے صرع

بھینسے کے پاؤں کا ناخن جلا کر ۵ ماشہ صاحبِ صرع کو کھلانا مفید ہے۔

برائے ضیق النفس

کریل کی لکڑی جلا کر اس کی راکھ ایک ماشہ ہفتہ عشرہ تک کھانا مفید ہے۔

برائے خنازیر

لاکھ درخت جس سے کہ قالین رنگتے ہیں اس کا سفوف کر کے پارہ گندم پر فرش کر کے کنٹھ مالا پر صبح و شام باندھیں۔ فائدہ ہو گا۔

اگر جسم کا کوئی حصہ جل جائے تو فوراً آلو پیس کر لیپ کر دیں سوزش جاتی

رہے گی اور آبلہ نہیں پڑے گا۔

دافع کھٹمل

فضلۂ باز ۳ تولہ روغن تارپین ۵ تولہ۔ دونوں کو یکجا کریں اور پانی ۲۰ تولہ ملا کر کھٹمل وغیرہ کے مقام پر چھڑکیں۔ کھٹمل اور پسو وغیرہ دور ہوں گے۔

اکسیر ناسور

ناسور خواہ کیسی بھی ہو اور کتنا ہی کہنہ سے کہنہ کیوں نہ ہو اس کے دور کرنے میں بہت مفید ہے۔ کینچلی سانپ ایک تولہ (سوختہ) شیر برگد ۲ تولہ میں ملا کر یک جاں کریں اور حفاظت سے رکھیں۔ جہاں ناسور کا عارضہ ہو اس کو پہلے نیم کے پانی سے صاف کریں پھر اس پر لگادیں۔

برائے دمہ

بگلہ جانور معمولی تین عدد تین روز تک گھی میں بھون کر کھلائیں۔ (فی یوم ایک عدد) اور اس کی ہڈیاں جمع کرتے رہیں۔ تین روز کے بعد جمع شدہ ہڈیوں کو جلا کر خاکستر کرلیں اور خاکستر مذکور کے ۲۱ حصے کریں۔ ایک حصہ روزانہ پان میں رکھ کر کھلائیں۔ انشاء اللہ ۲۱ یوم میں نفع ہوگا۔

قوت باہ پیدا کرنے کا عجیب نسخہ

یہ دوا حقہ میں رکھ کر پلائی جاتی ہے۔ اس سے اس قدر انتشار ہوتا ہے کہ بغیر عورت کے چین نہیں آتا۔ (گنجائی ایک قسم کے کرم ہوتے ہیں) دار چینی

دونوں ہم وزن لے کر سفوف بنائیں اور ۳ ماشہ سفوف حقہ میں رکھ کر پلائیں اسی وقت ایسا انتشار ہوتا ہے کہ آدمی بے چین ہو جاتا ہے۔ صاحب نسخہ کا بیان ہے کہ اگر بروقت عورت نہ ملے تو آدمی پاگل ہو جاتا ہے۔

نسخہ طلاء

کمہار (وہ کیڑا جو کپاس کے موسم میں کھیتوں میں نیچے اوپر جوڑا ہو کر چلتا ہے) ۱۰ تولہ۔ شیر گاؤ تین سیر میں ڈال کر پکائیں۔ جب ایک سیر دودھ رہ جائے تو اتار کر ضامن لگا کر دہی جمائیں اور مکھن نکال کر رکھ لیں۔ یہی طلاء ہے۔ بطریق معروف استعمال کریں۔

برائے برص و چنبل

ایک سیاہ پھنیر سانپ کو کوزہ گلی میں بند کر کے ۲۵ سیر اوپلوں کی آگ میں جلائیں۔ سرد ہوتے پر نکال لیں اور سانپ کی راکھ کو محفوظ رکھیں چنبل کے لئے لاجواب دوا ہے۔ کڑوے تیل میں ملا کر ہلکا سا لیپ کریں۔ برص پر بھی اسی طرح استعمال کریں انشاءاللہ کلی صحت حاصل ہوگی۔ یہ ایک صاحب کا عطیہ ہے۔

اکسیر ناسور

بلی کی ہڈی کوٹ کر عرق گیریت (تیزاب گندھک) میں باریک پیس کر مثل مرہم بنا لیں اور بتی کے ذریعہ ناسور میں رکھیں۔ چند روز کے استعمال سے ناسور کو کلی صحت ہوگی۔

برائے دمہ مور کے پر جلا کر رکھ لیں۔ تو راک ایک سرخ ہمراہ

نہد مفید تدبیر ہے۔

برائے قوتِ باہ

ایک سیر خراطین کو معمولی طور پر چھلنی میں ڈال کر دو تین دفعہ پانی بہالیا جائے تاکہ بالائی مٹی سے صاف ہو جائیں۔ پھر ان کو ایک سیر پیاز کے عرق میں ڈال کر خفیف جوش ۔ ۱ منٹ ۴ گ دیں۔ پھر ان کو سِل بٹے پر پیس کر اس عرقِ پیاز میں گھول کر اس طرح ملا دیا جائے کہ مٹی کے اجزاتہ نشین ہو جائیں اور جسم خراطین عرق پیاز کے ساتھ علیحدہ نکل آئے۔ پھر اس میں ایک بوتل شراب انگوری یا برانڈی اور ایک سیر شہد ڈال کر نرم آنچ پر غلیظ قوام بنائیں خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام۔

غذا اور دوا میں کم از کم تین گھنٹے کا فرق ضرور ہو۔

دمہ کے لئے اکسیر الاثر

ریچھ کے پتّے میں چھتے یا گیہوں ڈال کر ایک یا دو گیہوں یا چھنے صبح، دوپہر اور رات کو سوتے وقت کھلائیں۔ دمہ بالکل جاتا رہے گا۔

برائے نواسیر

کتے کا بچہ جس نے ابھی آنکھیں نہ کھولی ہوں لے کر ایک کوزہ گلی میں گلِ حکمت کر کے خشک کریں اور ۱۵ سیر اوپلوں کی آگ میں جلا کر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ ذرو اراگیا ہمراہ مسکہ مرہم بنا کر مقام ناسور پر لگائیں۔

سگ گزیدہ

گدھے کا کان کتوں کے زہر کا دافع ہے۔ طریق

استعمال یہ ہے کہ روزانہ ۲ ماشہ کے اندازے سے گدھے کا کان کاٹا جائے اور ایک تولہ گڑ میں خوب کوٹ کر ہر دو وقت سگ گزیدہ کو کھلایا جائے۔

برائے قوتِ باہ و امساک

خون زاغ کو مساوی الوزن شہد میں ملا کر محفوظ رکھیں۔ بوقتِ ضرورت تھوڑا سا لے کر عضوِ خاص پر ضماد کریں۔ بذا ابن اسرار خا حفظ۔

نادر چٹکلہ

مُرغ کرکنا تھ کے مرارہ (پتہ) کا پانی عضو پر لگائیں اور جماع کریں۔ کوئی غیر بیوی پر قادر نہ ہو سکے گا۔ زوجین کو کوئی خطرہ نہ ہو گا۔

ناروُ کی آسان دوا

درخت کریر کے کچے پھل یعنی ڈیلے جو ماہ اسوج اور کاتک میں ہوں لے کر سایہ میں خشک کریں۔ بعدہٗ کوٹ چھان کر ہم وزن شکر سُرخ ملا کر محفوظ رکھیں۔ جس شخص کو نارو نکلتے ہوں ایک کفِ دست روزانہ پانی سے ۲۰ سے ۳۰ یوم تک کھلائیں تمام عمر اس کو نارو نہیں نکلیں گے۔ مجرّب نسخہ ہے۔

چوٹ کا مجرّب علاج

جہاں پھٹکری کو گرم کر کے بناتے ہیں تو آگ کے وقت کچھ پھٹکری اندر سے باہر نکل جاتی ہے۔ اس کا نام شمس الزبیدی ہے۔ یہ چوٹ کا مجرب علاج ہے۔ جب کسی کو چوٹ لگے یا گر پڑے خواہ چکنا چور ہی کیوں نہ ہو جائے۔ یہ

مومیائی سے بڑھ کر کام دے گی اگرچہ خون بھی اندر سے جاری ہو۔اس کو ۲ رتی کھلانے سے خون فی الفور ٹھہر جاتا ہے۔درد جاتا رہتا ہے۔بے ہوش مریض ہوش میں آجاتا ہے نہائت نادرہ اور کام کی چیز ہے۔

برائے درد

گندھک آملہ سار کو باریک کر کے مٹی کے تیل میں ملاکر دونوں وقت درد پر لگائیں۔اکثر لوگوں کو دو یوم میں آرام آجاتا ہے۔

دوا برائے قلاع خبیثہ

بوجہ مرض آتشک یا آتشک کی دوا استعمال کرنے سے مُنہ آجائے تو اُس کے لئے یہ دوا نہائت مفید ہے۔پرانی جوتی دیسی چمڑے کی خوب جلاکر رکھیں اور قدرے قدرے زبان کے اوپر چھڑکیں۔جوتی جس قدر کہنہ ہو مفید ہے۔یہ صاحب نسخہ کی بار بار مجرب بیان کی گئی ہے۔

دوائے ناخنہ

کلی چنبیلی ایک تولہ نبات کوزہ ۹ ماشہ۔سُرمہ سا کر کے آنکھ میں لگائیں۔

برائے ضعف باہ

پتہ مگرمچھ ایک عدد لے کر اس میں سم الفار سفید ۶ ماشہ خوب کھرل کریں جب رطوبت جذب ہو جائے تو یہ سفوف حفاظت سے کسی شیشی میں رکھ لیں اور بقدر ایک دانہ خشخاس مکھن یا حلوے میں ملفوف کر کے نگل جائیں۔

برائے اکوتہ

کلاہِ ڈوڈہ کپاس سوختہ ایک تولہ مٹی کا تیل ۳ تولہ میں ملا کر مقامِ ماؤف پر لگایا کریں۔

مرہم برائے قرحہ

یہ مرہم قرحہ اور ناسور کے لئے مفید ہے۔ سنگریزہ یعنی ریت یا بالُو کو خوب باریک پیس لیں۔ پھر اس کے ہم وزن مغز تخم بیدانجیر شامل کر کے خوب حل کریں اور قرحہ پھایہ اور ناسور میں فتیلہ پر لگا کر قعر زخم تک پہنچایا کریں۔ ناسور کا سوراخ تنگ ہو تو اس کو نشتر سے کشادہ کریں اور جوشاندہ برگ نیم سے زخم کو دھویا کریں۔

برائے بیاضِ چشم

ہُدہُد کا پتہ، وچیل کا پتہ ہم وزن لے کر خشک کریں اور سُرمہ بنا لیں۔ یا سنگِ راسخ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے ۷۲ گھنٹے سرکہ انگوری میں بھگو کر خشک کر کے سُرمہ تیار کریں یا پنجۂ مرغ سفید اور برگ ریٹھہ ہم وزن لے کر سرمہ بنائیں اور آنکھوں میں لگایا کریں۔

نہارُو کے لئے

صاحبِ نسخہ کہتے ہیں کہ اس کے استعمال سے دوسری یا تیسری خوراک سے کیڑا مُردہ یا پیپ بن کر خارج ہو جاتا ہے۔ مور کے پیر کا سفید ڈنٹھل چیر کر گُودہ نکالیں اور ہم وزن نمک سونچر ملا کر پانی کے ساتھ حبوب بمقدار دانہ

نہار مُنہ کھائیں۔ اگر یہ نہنگ ہاتھ نہ آئے تو جوان بیل کا پتہ بھی یہی کام دیتا ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ بیل بالکل سیاہ رنگ کا ہو۔

چھاتی اور سینہ کی جلن

توے کی سیاہی ایک ماشہ تک صبح و شام پانی کے ہمراہ دینا چھاتی، سینہ، ہاتھ پاؤں کی جلن نیز بدبودار ڈکاروں کے لئے مفید ہے۔

برائے استحاضہ

خاکستر بھوج پتر ۲ رتی۔ سیاہی تابہ ۲ رتی مسکہ میں ملا کر چند روز تک کھلائیں۔ فائدہ ہوگا۔

برائے گنج

لنگور کا براز جلا ہوا ایک تولہ۔ روغن تارپین ۳ تولہ میں ملا کر صبح و شام سر پر لگائیں۔ اس کے استعمال سے گنج کے کیڑے فنا ہو کر بال اُگ آتے ہیں۔

پھوڑے کے لئے نشتر

کینپا۔ ایک گول پھل بقدر بیر کے ہوتا ہے۔ اس کی بیل موسم برسات میں بارڑ پر کھیتوں میں خودرو پھیلتی ہے۔ اس کے پھل کو پانی میں پیس کر مثل بلٹس کے پکا کر اور ام پر باندھیں۔ دو تین بار کے لگانے سے پھوڑا ٹوٹ جاتا ہے۔ دہقانی لوگ دیہات میں اس سے نشتر کا کام لیتے ہیں۔ اس مقصد کے حصول کے لئے یہ اچھی تدبیر ہے۔

ماش بنائیں۔ ایک گولی صبح و شام پانی سے استعمال کریں۔

موٹاپا دُور کرنے کے لئے

ناگ پھنی یعنی تھوہر کی تازہ اور پختہ ثمر دن لے کر ان کو خاروں سے پاک کر کے مربہ ڈال لیں اور محفوظ رکھیں۔ مریضان سمن مفرط کو نصف سے ایک ثمر تک روزانہ کھلائیں۔ دو ایک اجابتیں روزانہ ہو کر مرض کا قلع قمع ہو جائے گا۔

برائے خنازیر

صاحب نسخہ کہتے ہیں کہ خنازیر کی انتہائی اور اکسیر اعظم دوا اس سے عمدہ نہ میں نے دیکھی اور نہ سُنی۔ زاغ (خانگی) (کوّے) دو چار پکڑ کر ذبح کر کے بغیر صاف کئے اس طرح ایک گلی برتن میں ڈال کر گل حکمت کر کے اس قدر آگ دیں کہ گوشت پوست ہڈی اور احشاء سب جل کر کوئلہ ہو جائیں۔ پھر سرد کر کے نکال لیں اور سفوف کو محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک رتی ہر روز پانی یا دودھ کے ساتھ دیں اور بقدر ۲ رتی ہمراہ مسکہ ۲ ماشہ ملا کر باہر لیپ کریں۔ گیارہ دن میں مرض کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔ مجرب نسخہ ہے۔

برائے درد گُردہ و سنگِ مثانہ

ممولہ جو چڑیا کے برابر ایک جانور ہے اُسے ذبح کر کے نمک سیاہ، مرچ سیاہ، دارچینی، زیرہ وغیرہ ڈال کر روغنِ زرد میں بریاں کر کے مریض کو کھلا دیں۔ نہایت عجیب شے ہے۔

برائے خارش سرگین گاؤمیش کو نچوڑ کر ایک چھٹانک پانی

نکالیں۔ اس میں ایک تولہ رسوت حل کریں۔ پھر آدھا چھٹانک روغن تلخ ملاکر رکھیں اور جائے خارش پر طلاء کریں۔

برائے جذام

یہ حقیر سا نسخہ اکثر اوقات بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ نمک درخت ستیاناسی ایک رتی ہر روز کھلانا شافی علاج ہے۔

لاہوری پھوڑا

اس مرض کو دور کرنے کے لئے کاغذ کا تیل لگانا نہایت مفید ہے۔
ترکیب روغنِ قرطاس: کارچو یا سیالکوٹی کاغذ موٹا لے کر اس کی ایک قیف سی بنا لیں۔ پھر آگ لگاکر ایک تام چینی کی پلیٹ پر اوندھا رکھ دیں۔ پلیٹ پر چند قطرے روغن کے آجائیں گے۔ اس کو مقامِ ماؤف پر ملیں۔

ہر قسم کے زخموں کے لئے

یہ مرہم عجائبات سے ہے۔ خاکستر پنبہ کہنہ پارچہ سبز۔ (پرانی روئی لے کر اسے کسی برتن میں جلا کے خاکستر کرلیں)۔ ۶ بہلولی موم سفید۔ ۳ بہلولی تج خراسانی۔ ۲ بہلولی روغنِ گاؤ ۵ بہلولی (بہلول = ۹ ماشہ) نیلا تھوتھہ ۲ سرخ کسی برتن میں روغن ڈال کر موم کو اس میں پگھلادیں اور تج اور نیلا تھوتھہ باریک کرکے شامل کریں اور نیم کی لکڑی سے حل کرکے محفوظ رکھیں۔ اور بوقتِ ضرورت کام میں لائیں۔

جوئیں مارنے کے لئے: پٹرول میں روئی تر کرکے مقام پر

پھیرنے سے تمام جوئیں ہلاک ہو جاتی ہیں لیکن پٹرول کسی آنچ کے قریب ہرگز استعمال نہ کریں۔

برائے دمہ

مغز تخم کھرنی ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ باریک پیس کر ادرک کے رس یا پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔ دن اور رات میں چار گولی سے زیادہ نہ لیں۔ شیرینی۔ ترشی۔ تیلی چاول اور بادانگیز اشیائے سے پرہیز کریں۔ انشاء اللہ دمہ دور ہو گا۔

برائے سگ گزیدہ

کرم شب تاب (جگنو) دو عدد پانی میں گھوٹ کر تین روز تک سگ گزیدہ کو پلائیں۔ انشاء اللہ زہر دور ہو گا۔

برائے درد گردہ

دوب گھاس کے پتے ۵ تولہ۔ قلمی شورہ ایک تولہ۔ دونوں کو ملا کر ایک پیالے میں ڈال کر اوپر سے ڈھک کر تیز کوئلوں کی آگ پر جلا کر راکھ کریں۔ فلالین کے کپڑے سے مقطر کرنا چاہیئے۔ جو پانی حاصل ہو اسے پکا کر نمک نکالیں۔
مقدار خوراک ایک رتی ایک چھٹانک عرق سونف کے ساتھ۔ اسکے استعمال سے پتھر بھی نکل جائے گا اور درد بھی دور ہو گا۔ اگر قبض ہو تو پہلے کسٹر آئیل کا جلاب دیکر دوسرے دن دوا شروع کریں۔

برائے داد

ابتدائی داد، چھیپ چھائیں وغیرہ کے لئے سیم کی پھلی (جس کی ترکاری پکاتے

ہیں) اس کی تازہ پتیوں کو لعاب دہن میں پیس کر روزانہ دو مرتبہ لگائیں انشاء اللہ سات روز میں داد صاف ہو گا ۔

مرگی کے لئے

یہ تدبیر نہایت مفید ہے کنکھجورا یعنی ہزار پایہ ایک عدد ۔ کرم نادشتہ ۳ عدد ۔ کرم مدار ایک عدد ۔ سب کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں اور کڑوا تمباکو ۶ ماشہ پیس کر اضافہ کریں ۔ دو چار دفعہ اس کی ہلاس لینے سے دماغ کے تمام کیڑے نکل کر مریض تندرست ہو جائے گا ۔

مونچھوں اور ٹھوڑی پر مُہاسہ نما دانے

ان کو دور کرنے کے لئے ادرک کو چاقو سے تراش کر کھانچہ کریں اور تیز چونا اس میں بھریں ۔ پھر ایک موٹے کاغذ میں مسّہ کے برابر سوراخ کر کے اس میں سے مسّہ باہر نکالیں اور ادرک کی گانٹھ جس میں چونا ملا ہوا ہے رگڑ دیں کسی قدر سوزش تو ضرور ہو گی لیکن وہ مقام توجل جائے گا اور دانے (مسّہ) بھوس کی طرح اڑ جائیں گے ۔ انشاء اللہ پھر کبھی نہ ہوں گے ۔ یہ پندرہ منٹ کا کام ہے ۔

علاج دردِ شقیقہ

قبل طلوعِ آفتاب روانس کے پتوں کا عرق بے آمیزش آب نکال کر دو دو یا تین تین قطرے دونوں سوراخ بینی میں ٹپکا دیں ۔ اس سے برسوں کا درد دور ہو گا ۔

برائے بواسیر گینڈہ کی کھال کو ریتی سے ریت کر ۲ ماشہ کی مقدار

میں آگ پر ڈال کر دھونی لیں۔ خونی اور بادی بواسیر دونوں کو مفید ہے۔ کم از کم پانچ روز تک استعمال کریں۔

طِلاء کا نسخہ

پتھر کا کوئلہ باریک پیس کر روغنِ ارنڈ کے اندر چوتھا حصہ ملا کر جلا دیں جب خود بخود تیل کو آگ لگے تو ڈھک دیں۔ بعد ازاں گاڑھا سا روغن ہو جائے گا اُسے چھان کر رکھ لیں۔ بقدرِ ضرورت مالش کر کے پان یا ارنڈ کا پتہ گرم کر کے باندھ دیں ضعفِ باہ مریضوں کے لئے یہ طِلاء مفید ہے۔

نزلہ کا بہترین علاج

ہر کہ دن میں دو تین مرتبہ سُونگھنے سے زکام بالکل دُور ہو جاتا ہے۔

برائے مرض لُوط

گلئے کے گوبر کی راکھ ایک چھٹانک شاہترہ سبز کے پانی میں گھول کر لیپ کریں ہفتہ بھر میں آرام ہو گا۔

مہاسوں کا علاج

چوہڑی سرنج ایک بوٹی ہوتی ہے جس کو افسنتین سبزی بھی کہتے ہیں اس کو جلا کر اس کی دھونی دینے سے مہاسے دفع ہو جائیں گے اور امید ہے کہ پھر نہ ہوں گے۔

امساک کے لئے: اگر بیضۂ خرگوش میں سوراخ کر کے کمر میں باندھے

جب تک الگ نہ کریں انزال نہ ہوگا۔

حصول لذّت کے لیے

ہُدہُد کا دل لے کر خشک کر کے شہد کے ساتھ کھلائے اور قدرے عضو پر لگا کر سکھائے۔ پھر جس عورت سے نزدیکی کریگا شیفتہ ہو جائے گی اور طاقت بھی خوب ہو گی۔

برائے تنگی فرج

تھوڑی سی مِسّی جو عورتیں اکثر دانتوں پر لگاتی ہیں، ایک گھڑی مباشرت سے پہلے اندامِ نہانی میں لگائیں تو تنگی ہو جائے گی۔

برائے بواسیر

چام چڑک برسات کے موسم میں مار کر لٹکا دیں۔ جب اس میں کیڑے پڑ جائیں تو تیل میں کیڑوں سمیت رگڑ کر مرہم بنالیں اور مسّوں پر لگائیں۔ مفید ہے۔

خُونی بواسیر کے لیے

تارا میرا بہت مفید ہے۔ یہ دلنے تین چار مرتبہ ۹ ماشہ چبا کر کھلاتے رہیں ایک ہفتہ میں انشاء اللہ آرام ہوگا۔

ایڑیاں پھٹ جانا

اکثر سردی کے موسم میں لوگوں کی ایڑیاں اور کبھی کبھی ہاتھ کی جلد پھٹ

بھی جاتی ہے۔ ایک دفعہ راقم اپنے سابقہ وطن سیکر میں مطب میں بیٹھا تھا اس تکلیف کا ایک مریض مطب میں آیا۔ اس وقت کوئی دوا موجود نہ تھی مریض نے کہا کوئی نہ کوئی تدبیر ضرور کریں۔ میرے قریب گوند داتی تھی۔ دل میں خیال آیا کہ گوند کا گاڑھا پانی زخموں میں بھر دو۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور باریک کاغذ اوپر چپکا دیا۔ دوسرے دن مریض نے بیان کیا کہ بہت فائدہ ہوا۔ یہ عمل دو تین دن کیا اور تکلیف دور ہو گئی۔ اس مرض کو بوائی پھٹنا کہتے ہیں۔

ایک اتفاقی دریافت

اپنے سابقہ وطن سیکر (راجپوتانہ) کے قیام کے زمانہ کا ذکر ہے ایک دن مطب میں مقیم تھا۔ عصر سے کچھ پہلے کا وقت تھا کہ خانقاہ چشتیہ کے قریب رہنے والے ایک صاحب سلیمان خاں (سانجری) اپنا اونٹ لے کر آئے۔ کہا کہ میں غریب آدمی ہوں مقروض ہوں۔ یہ اونٹ قرض پر لیا تھا میرے یہاں آنے کے بعد چند روز میں اندھا ہو گیا ہے۔ کوئی تدبیر کریں۔ میں نے کہا آدمیوں کا علاج کرتا ہوں جانوروں کا نہیں۔ آپ اسے کسی جانوروں کے ہسپتال میں لے جائیں۔ انھوں نے کہا نہ میرے پاس پیسہ ہے اور نہ کوئی جانوروں کا معالج ہے۔ آپ ہی کچھ کریں۔

ابھی گفتگو یہاں تک پہنچی تھی کہ خانقاہ کی مسجد میں عصر کی اذان ہوئی انھوں نے مطب کے سامنے سائبان کے کھمبے سے اونٹ کو بٹھا کر باندھا اور نماز پڑھنے چلے گئے۔ میں سوچنے لگا کہ کیا کیا جائے۔ اسی خیال میں نماز کے لئے روانہ ہوا۔ مطب کے سائبان کے نیچے چند گھڑے رکھے تھے۔ ان میں پانی بھر کر سجی ڈالی گئی تھی۔ اس کا نمک گھڑوں کی بیرونی سطح پر آگیا تھا

میرے دل میں خیال آیا کہ یہ نمک اس کی آنکھ میں ڈال دو۔ جیسے ہی یہ خیال آیا میں نے فوراً نمک بغیر غور و فکر کے اُٹھایا اور اونٹ کی آنکھ میں ڈال کر اوپر ہاتھ رکھ کر آنکھ بند کردی۔ چند سیکنڈ کے بعد یکایک میرے ہاتھ میں کافی پانی آگیا۔ ہاتھ تر ہوگیا۔ اونٹ نے زور سے گردن ہلا کر میرا ہاتھ ہٹایا۔ میں نے خیال کیا کہ اُونٹ کی آنکھ پھوٹ گئی ہے یہ پانی اس کا ہے۔ ایکدم گھبرا گیا۔ فوراً زنانہ حویلی گیا۔ بہت سا مکھن لاکر آنکھ میں بھر دیا۔ اونٹ کو کچھ تسکین ہوئی۔ اس چکر میں نماز عصر ہوچکی تھی۔ میں نے غور سے دیکھا تو اونٹ کی آنکھ سلامت تھی۔ جو پانی اور چند ٹکڑے میرے ہاتھ میں آئے وہ جالا تھا جو فوری طور پر کٹ گیا تھا۔

اتنے میں سلیمان خاں آگئے۔ ہم نے کہا آپ کے اونٹ کا علاج ہوگیا۔ وہ بہت خوش ہوئے اور میں نے خدا کا شکر ادا کیا کہ ایک حماقت نے خیر کا پہلو اختیار کرکے مجھے رسوائی سے بچالیا۔

آغازِ تحریر ــــــــــــ ۷ مئی ۱۹۸۹ء بروز اتوار (یوم عید)

اختتامِ تحریر ــــــــــــ ۵ اپریل ۱۹۹۲ء بروز اتوار (یوم عید)

ـــــــــــــ

آغاز کتابت ــــــــــــ ۲۷ اگست ۱۹۹۲ء

اختتامِ کتابت ــــــــــــ ۳۰ ستمبر ۱۹۹۲ء

ــــــــــــ محمد اسلم خوشنویس قصور

کتابوں کے نام

① کشکول اکرام ② زنبیل اکرام ③ طبی بیاضِ اکرام حصہ اول دوئم
④ طبی بیاضِ اکرام حصہ سوئم ⑤ کلیہ شفاء ⑥ فیوضات اطبا
⑦ عجائبات طب ⑧ بیاضِ عملیات وتصوریات

ملنے کا پتہ

۱- شیخ الرئیس فاؤنڈیشن

مکان نمبر ۱۵۳۰ ہیر آباد میرپور خاص سندھ

۲- خانقاہ عالیہ چشتیہ

پوسٹ بکس نمبر ۲۸ میرپور خاص سندھ

۳- مکتبہ ملیؔ

بکسیلرز اسٹیشنری مارٹ

ڈاکخانہ چوک اسٹیشن روڈ، میرپور خاص فون نمبر ۶۰۵۳۳۳

۴- سلطان المشائخ فاؤنڈیشن

گلی نمبر ۵، خادم آباد کھارا روڈ قصور پنجاب

۵- کیپٹل نیوز

شاہی بازار بہاولپور- فون نمبر ۸۷۴۴۹-کوڈ ۰۶۲۱

۶- بک ورلڈ

بوبی پلازہ بہاولپور

۷- کاروان بک ڈپو

چوک سرائیکی، بہاولپور- فون نمبر ۸۷۶۵۸۶-کوڈ ۰۶۲۱

۸- خانقاہ عالیہ چشتیہ

ڈیرہ نواب صاحب، ضلع بہاولپور، پنجاب

خانقاہ عالیہ چشتیہ پوسٹ بکس نمبر ۲۸ میرپور خاص سندھ